© rasailojaraid.com

# اخبار الجامعة والجماعة

## جامع مسجد علیا اہل حدیث سول لائن میں رئیس الجامعہ کا درس

مورخہ 26 جون بروز منگل بعد نماز مغرب رئیس الجامعہ نے جامع مسجد علیا اہل حدیث سول لائن میں درس قرآن وحدیث ارشاد فرمایا اور بعد میں سوال وجواب کی نشست ہوئی۔

## وفیات

### عمران صادق، عرفان صادق اور ڈاکٹر عدنان صادق (امریکہ) کو صدمہ

عمران صادق، عرفان صادق اور ڈاکٹر عدنان صادق کی والدہ محترمہ مورخہ 26 مئی بروز ہفتہ انتقال کر گئیں۔ (انا للّٰہ وانا الیہ راجعون) مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابندی کے ساتھ ساتھ بڑی ہی پرہیزگار، اچھے اخلاق کی مالک اور اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والی خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

### یاسر مشتاق برادران (کوٹلہ ائمہ) کو صدمہ

یاسر مشتاق بردران (کوٹلہ ائمہ) کی دادی محترمہ اور صوبیدار مشتاق مرحوم کی والدہ محترمہ مورخہ 05 جون بروز منگل وفات پا گئیں۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون) مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

### سیٹھی محمد اقبال کو صدمہ

سیٹھی محمد اقبال (ٹیلر ماسٹر) کے سسر عبدالحمید (ٹیلر ماسٹر) مورخہ 09 جون بروز ہفتہ وفات پا گئے۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون) مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

### طارق محمود مغل اور خالد محمود مغل کو صدمہ

طارق محمود مغل اور خالد محمود مغل کے بھائی عابد محمود مغل حرکت قلب بند ہو جانے سے مورخہ 20 جون بروز بدھ وفات پا گئے۔ (انا للّٰہ وانا الیہ راجعون) ان کی نماز جنازہ مدیر التعلیم حافظ محمد عبداللہ نے پڑھائی۔ نماز جنازہ میں شہریوں کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اور اس دن چوک اہل حدیث سے ملحقہ تمام دکانیں بند رہیں۔

### غلام محی الدین، ذوالفقار احمد، نعیم احمد اور وقار احمد برادران کو صدمہ

غلام محی الدین کے بیٹے اور ذوالفقار احمد، نعیم احمد، وقار احمد برادران کے بھائی طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون) مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

### صدیق یوسفی کو صدمہ

صدیق یوسفی کے چچازاد بھائی کی زوجہ محترمہ مورخہ 27 جون بروز بدھ وفات پا گئیں۔ (انا للّٰہ وانا الیہ راجعون) مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔



© rasailojaraid.com